## حیدرآباد میں جدید طرز کی مولانا حسرت موہانی لائبریری کے قیام پرحیدرآباد کے ضلعی ناظم کنور نوید،ضلعی نائب ناظم ظفر راجپوت ، تعلقہ ناظمین، یوسی ناظمین، نائب ناظمین،کونسلروں اور بلدیہ کے تمام عملے کو الطاف حسین کی زبردست مبارکباد اور خراج تحسین

## حق پرست قیادت نے شہر میں فلائی اوور، سڑکوں پارکوں کی تعمیر،فراہمی نکاسی آب اور دیگر ترقیاتی منصوبوں کے ذریعے حیدرآباد کو ملک کے ترقی یافتہ شہروں کی صف میں لاکھڑا کیا ہے۔ الطاف حسین

لندن۔۔۔23 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حیدرآباد میں جدید طرز کی مولانا حسرت موہانی لائبریری کے قیام پرحیدرآباد کے ضلعی ناظم کنور نوید،ضلعی نائب ناظم ظفر راجپوت ،تعلقہ ناظمین، نائب ناظمین، یوسی ناظمین، یوسی نائب ناظمین ،کونسلروں اور لائبریری کی تعمیر میں حصہ لینے والے بلدیہ کے تمام عملے کو زبردست مبارکباد اور خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ حیدرآباد کی حق پرست قیادت شہر کی تعمیر وترقی اور شہریوں کو بنیادی سہولتوں کی فراہمی کیلئے جو کوششیں کررہی ہے وہ قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حیدرآباد کی موجودہ حق پرست قیادت نے شہر میں فلائی اوور، سڑکوں پارکوں کی تعمیر،فراہمی نکاسی آب اور دیگر ترقیاتی منصوبوں کے ذریعے حیدرآباد کو ملک کے ترقی یافتہ شہروں کی صف میں لاکھڑا کیا ہے جس پر حیدرآباد کے حق پرست ضلعی ناظم کنور نوید اور شہر کی پوری حق پرست قیادت مبارکباد اور خراج تحسین کی مستحق ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ حیدرآباد کی حق پرست قیادت تحریک کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے اسی طرح عوام کی بلاامتیاز خدمت اور تعمیر وترقی کیلئے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے رہیں گے۔

## پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کراچی کے صدر و دیگر میڈیکل تعلیمی اداروں کے سربراہان اور پروفیسروں کا خدمت خلق فاؤنڈیشن مرکزی امدادی کیمپ کا دورہ

کراچی۔۔۔23 مئی 2009ء

کراچی کے مختلف سرکاری اور نجی اسپتالوں کے ڈاکٹرز، میڈیکل کالجوں کے اساتذہ، ڈاکٹرز کی مختلف ایسوسی ایشن کے عہدیداران اور پروفیسرز نے جمعرات کے متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر کراچی کا دورہ کیا اور وہاں سوات، دیر، بونیر اور شانگلہ کے متاثرین کی امداد اور بحالی کیلئے جاری امدادی کاموں کو ملاحظہ کیا۔ اس موقع پر پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کراچی کے صدر ڈاکٹر عزیز خان ٹانک، پاکستان ڈینٹل ایسوسی ایشن کے صدر ڈاکٹر عقیل شیخ، پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کے ممبر ایگزیکٹو بورڈ ڈاکٹر فرحان عیسیٰ، کراچی میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج کے پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر وقار کاظمی، سرسید میڈیکل کالج کلفٹن کے چیئرمین ظہیر معین، آسٹریلین کانسپٹ کلفٹن کے چیئرمین ڈاکٹر سجاد حسین، لیاقت کالج آف میڈیسن این ڈینٹسٹری کے وائس چیئرمین ڈاکٹر ایس علی فرحان رضی،، لیاقت کالج آف میڈیسن اینڈ ڈینٹسٹری کے HOD کے سرجری پروفیسر ڈاکٹر ایم شمیم، کراچی میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج کے کمیونٹی میڈیسن صولت جعفری، لیاقت کالج آف میڈیسن (میڈیکل) کے پرنسپل ڈاکٹر راشد نسیم خان، لیاقت کالج آف میڈیسن اینڈ ڈینٹسٹری پروفیسر ڈاکٹر نجم شبیر، کراچی میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج کے (ڈینٹل سیکشن) کے پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر محمود حیدر، لیاقت کالج آف میڈیسن اینڈ ڈینٹسٹری کے اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر ناہید نجمی، کراچی میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج کے ڈاکٹر ناصر خان، لیاقت کالج آف میڈیسن اینڈ ڈینٹسٹری کے ڈاکٹر قرۃ الامان، دارالصحت ہسپتال کے چیف میڈیکل آفیسر ڈاکٹر کے ایچ ذکی حسن، عباسی شہید اسپتال کے چیسٹ اسپشلسٹ اور جنرل فزیشن پروفیسر ڈاکٹر سلیم اللہ، اور دارالصحت ہسپتال کے چیئرمین عامر ولی الدین چشتی بھی موجود تھے۔ انہوں نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی امدادی کیمپ میں مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور وہاں امدادی کاموں میں مصروف ایم کیو ایم کے کارکنوں اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں کے کاموں کو سراہا اور ان کے جذبہ خدمت خلق کی تعریف کی۔ اس سے قبل جب معزز مہمان خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی امدادی کیمپ پہنچے تو ارکان رابطہ کمیٹی کیف الوریٰ اور سیف یار خان اور صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر صغیر احمد، صوبائی وزیر خالد بن ولایت، نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ بعدازاں مہمان ڈاکٹر صاحبان نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں واقع نذیر حسین میڈیکل سینٹر کا معائنہ کیا۔ انہوں نے مختلف شعبے دیکھے، مریضوں کی خیریت دریافت کرنے کے علاوہ وہاں موجود ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف سے معلومات حاصل کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر سجاد مظہر، ڈاکٹر عزیز خان ٹانک، ڈاکٹر سلیم اللہ خان اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے امدادی کاموں کی انجام دہی پر ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین، ایم کیو ایم کے کارکنوں اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا انہوں نے اعتراف کیا کہ ایم کیو ایم کی سیاسی اور سماجی خدمات کو اب قومی ہی نہیں بلکہ بین الاقوامی سطح پر تسلیم کیا جارہا ہے اور ایم کیو ایم کی اس خوش آئندہ تاثر کو برقرار رکھنے اور

اسے مزید اجاگر کرنے کی ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی انسانیت کی خدمت کے بعد یہ ثابت ہوگیا کہ ایم کیوایم کوئی لسانی جماعت نہیں بلکہ انسانیت کی خدمت پر یقین رکھنے والی جماعت ہے جس پر ہم قائد تحریک جناب الطاف حسین اوران کے کارکنوں کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ دارالصحت ہسپتال کے چیئرمین عامر چشتی نے اس موقع پر نذیر حسین میڈیکل سینٹر کو ایک ECG مشین عطیہ کرنے کا اعلان کیا۔

## جئے سندھ قومی محاذ (جسقم) آر یسر گروپ کے رہنماؤں ایم کیوایم مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

## سندھ میں طالبانائزیشن، صوبہ سرحد سے ہزاروں خاندانوں کی سندھ میں نقل مکانی اور صوبہ کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال

## سندھ میں دہشت گردی کی روک تھام کیلئے متاثرین کی رجسٹریشن اورانہیں کیمپوں تک محدود رکھنا ضروری ہے، ایم کیوایم اور جسقم کے رہنماؤں میں اتفاق

## ایم کیوایم کی جانب سے جسقم کی 25 مئی کی ہڑتال کی حمایت، ایم کیوایم سندھ دھرتی پر کسی صورت میں بھی طالبان کا قبضہ نہیں ہونے دیگی۔ رابطہ کمیٹی

کراچی ۔۔۔23مئی2009ء

جئے سندھ قومی محاذ آر یسر گروپ کے مرکزی رہنماء ذوالفقار کولاچی کی سربراہی میں جسقم کے چاررکنی نمائندہ وفد نے ہفتہ کو ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر رابطہ کمیٹی اراکین کنور خالد یونس، ڈاکٹر صغیر احمد، سیف یارخان اور شاکر علی سے ملاقات کی اور جسقم کی جانب سے 25 مئی کی ہڑتال میں ایم کیوایم سے تعاون کی درخواست کی۔ ملاقات میں سندھ کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اور سندھ میں طالبانائزیشن کی روک تھام اور سوات، بونیر، دیر اور شانگلہ سے نقل مکانی کرکے آنیوالوں کی رجسٹریشن پر زور دیا گیا۔ جسقم آر یسر گروپ کے وفد میں ڈویژنل کوآرڈی نیٹر رضا ہنگیو، محمد اشرف بہلم نائب صدر ملیر ضلع، جنرل سیکریٹری ملیر ضلع صوبدار کھوسو کے علاوہ دیگر شامل تھے۔ وفد کے ارکان نے رابطہ کمیٹی کے اراکین سے گفتگو کرتے ہوئے سندھ میں بڑھتی ہوئی طالبانائزیشن، لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا کی سرگرمیوں اور سوات، بونیر، دیر اور شانگلہ سے نقل مکانی کرکے آنیوالے افراد کی رجسٹریشن نہ ہونے پر اپنی تشویش کا اظہار کیا اور کہا کہ اس بات کا خدشہ ہے کہ نقل مکانی کرنے والوں کی آڑ میں طالبان سندھ میں داخل ہورہے ہیں۔ ملاقات میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ سندھ میں دہشت گردی کی روک تھام کیلئے ان متاثرین کی رجسٹریشن اور انہیں کیمپوں تک محدود رکھنا ضروری ہے۔ رابطہ کمیٹی نے جسقم کی 25 مئی کی ہڑتال کی مکمل حمایت کی یقین دہانی کرائی اور انہیں یقین دلایا کہ ایم کیوایم سندھ دھرتی پر کسی صورت میں بھی طالبان کا قبضہ نہیں ہونے دیگی۔ انہوں نے۔ ملاقات میں ایم کیوایم کی اندورن سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج محمد عمر، جوائنٹ انچارج لونگ خان چنہ اور دیگر بھی موجود تھے۔

## متاثرین کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی کھیپ پی آئی اے کی پرواز سے اسلام آباد روانہ کردی گئی

کراچی ۔۔۔23مئی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سوات، بونیر، دیر اور شانگلہ کے متاثرین کیلئے لاکھوں روپے مالیت کی غذائی اجناس اور دیگر سامان کی بڑی امدادی کھیپ ہفتے کے روز پی آئی اے کی پرواز سے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن و خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مینجنگ ٹرسٹی سید شعیب احمد بخاری نے یہ امداد اسلام آباد کیلئے روانہ کی۔ امدادی سامان میں بھاری مقدار میں آٹا، چاول، دالیں، گھی، شکر، خشک دودھ، نمک، مصالحہ جات، چائے کی پتی، لوبیا، منرل واٹر، ماچس، بالٹیاں، ملبوسات، گفٹ پیک، بیڈشیٹ، میٹرس، برتن اور اردو قائدہ کے علاوہ بڑی تعداد میں جان بچانے والی ادویات بھی شامل ہیں۔ مذکورہ سامان اسلام آباد میں نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ سیل کے تعاون سے متاثرین میں تقسیم کردیا جائے گا۔ واضح رہے کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے اب تک زمینی راستوں کے علاوہ پی آئی اے اور فوجی طیارے C-130 کی تین پروازوں کے ذریعے بھی بھاری مقدار میں امدادی سامان متاثرین تک پہنچا دیا گیا ہے۔

## نیو کراچی ٹاؤن کے حق پرست ناظم اختر حسین نے امدادی سامان سے لدے تین ٹرک خدمت خلق فاؤنڈیشن کو عطیہ کیے

کراچی۔۔۔23 مئی 2009ء

حق پرست ٹاؤن ناظم نیو کراچی ٹاؤن اختر حسین نے متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو سوات، بونیر، دیر اور شانگلہ کے متاثرین کی امداد و بحالی کیلئے بھاری مالیت کے امدادسامان سے لدے تین ٹرک عطیہ کیے ہیں جیسے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں رابطہ کمیٹی کے رکن اور فاؤنڈیشن کے مینجنگ ٹرسٹی سید شعیب احمد بخاری نے امدادی سامان وصول کیا اوران کے جذبے خدمت خلق کو سراہا۔ ٹاؤن ناظم اختر حسین جمعہ کے روز ازخود یہ امدادی سامان لیکر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر پہنچے تھے۔ امدادی سامان میں بڑی مقدار میں کمبل، برقی پنکھے، غذائی اجناس اور ملبوسات وغیرہ شامل ہیں۔

## ایم کیو ایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔23 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 87 ایلڈر زونگ کے جوائنٹ انچارج محمد یوسف کی والدہ بانو بیگم، ایم کیو ایم بزنس روڈ سیکٹر یونٹ 36 کے شہید کارکن ظہیر کے والد اللہ بخش اور ایم کیو ایم یونائیٹڈ لیبر فیڈ ریشن لیبر ڈویژن کے کارکن تابش کے والد خوجہ محمد فضل الٰہی انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل دے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆